بسم اللہ الرحمن الرحیم

ارادۂ حج مبارک

عرب کی سرزمین پر ہو الٰہی جب گزر میرا
مرے ہر گام پر تیرا کرم ہو راہبر میرا
نہ رکھ غافل تو اپنے ذکر سے یا رب! کبھی مجھ کو
ترانہ ہو تیرا تیرے محبوب کا شام و سحر میرا
ترا در ہو مرا سر ہو تیرا محبوب وہ گھر ہو
ہو تیرے فضل سے یا رب! شفیع خیر البشر ﷺ میرا
ندیم ختہ کی یہ آرزو مقبول ہو یا رب!
شریک اس دعا میں ہو ہر مسلمان اور معان خاص کر میرا
طواف کعبہ میں یا رب یمین حق کو پھر چوموں
میرا ہمدم بھی ہو یا رب! اس میں ہم سفر میرا

حریم کوچۂ جاناں کی حد وہی ہے ندیم
جہاں سے ہونٹ لرزنے لگیں قدم نہ جمے
زبان پہ نام لے اس کا تو دل مچل جائے
جو دل میں یاد ہو اس کی تو آنکھ ہی نہ تھمے

مولانا قاضی عبدالکریم ندیم کلاچویؒ

انتخاب: ابو محمد